F. 6-4 (Edit) /2015 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mnZ Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 4/11/2015

اردو زبان اور اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لیے حکومت سنجیدہ: مختار عباس نقوی

قومی اردو کونسل میں نومنتخب وائس چانسلرز کے ساتھ فروغ اردو کے موضوع پر مذاکرہ

نئی دہلی: ملک کے بڑے تعلیمی اداروں کے ساتھ اشتراک کر کے قومی اردو کونسل اردو کے دائرے کو مزید وسیع کر سکتی ہے۔ اردو کی ترقی اور فروغ، اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لیے حکومت ہند سنجیدہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار عزت مآب وزیر مملکت برائے اقلیتی و پارلیمانی امور جناب مختار عباس نقوی نے قومی کونسل کی طرف سے مختلف یونیورسٹیز کے نومنتخب وائس چانسلرز کے ساتھ مذاکرے کی تقریب میں کیا۔ یہ تقریب قومی اردو کونسل کے کانفرنس ہال میں منعقد کی گئی۔ انھوں نے کہا کہ پارلیمنٹ میں اردو مترجمین کی ضرورت پڑتی رہتی ہے اس تعلق سے کونسل اگر کچھ کرنا چاہتی ہے تو حکومت اس سلسلے میں تعاون دے سکتی ہے۔ وزیر مملکت نے تعلیم، ترقی اور تحفظ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی مسلمانوں کے یہ بنیادی مسائل ہیں۔ حکومت ان مسائل کے تئیں نہایت حساس ہے اور اقلیتوں کی تعلیم و ترقی اور تحفظ کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔

قومی اردو کونسل کی جانب سے منعقدہ اس مذاکرے میں پروفیسر اشوک آئما (وائس چانسلر، سینٹرل یونیورسٹی آف جموں)، پروفیسر مہراج الدین (وائس چانسلر، سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر)، پروفیسر اسلم پرویز (وائس چانسلر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد)، پروفیسر طلعت احمد (وائس چانسلر جامعہ ملیہ اسلامیہ) نے شرکت کی۔ اس مذاکرے میں قومی اردو کونسل کے سابق ڈائرکٹر ڈاکٹر محمد حمید اللہ بھٹ کو بطور خاص مدعو کیا گیا تھا۔ قومی کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے تمام معزز مہمانان اور مؤقر شخصیات کا استقبال کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے چاروں وائس چانسلرز کا تعلق اردو زبان وادب سے ہے۔ اس لحاظ سے یہ تقریب خاصی اہمیت کی حامل ہے۔ انھوں نے اردو زبان کے فروغ کے لیے قومی کونسل اور ان جامعات کے مابین اشتراک پر زور دیا اور کہا کہ ایک مشترکہ لائحۂ عمل تیار کیا جائے تو ان جامعات کے ذریعے اردو کی رسائی عام لوگوں تک ہوسکتی ہے۔ انھوں نے ڈاکٹر محمد حمید اللہ بھٹ کے ویژن کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ انھوں نے قومی اردو کونسل کو ایک وقار اور اعتبار عطا کیا ہے۔ اس مذاکرے کے ماڈریٹر ڈاکٹر محمد حمید اللہ بھٹ تھے جنھوں نے فروغ اردو کے لیے ملک کے بڑے تعلیمی اداروں کے مابین اشتراک پر زور دیا۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر پروفیسر طلعت احمد نے مولانا آزاد اور کونسل کے مابین اشتراک کے حوالے سے کہا کہ یہ دونوں ادارے اردو کے فروغ کے لیے آگے بڑھیں تو اس کے مثبت اثرات پورے ملک میں محسوس کیے جائیں گے۔ پروفیسر آئما نے سینٹرل یونیورسٹی آف جموں میں غیر اردو داں طبقے تک اردو پہنچانے کے لیے نئے کورسز کے آغاز کا اشارہ دیا۔ پروفیسر مہراج الدین نے بھی اردو کے فروغ کے لیے ایک مربوط اور مشترکہ لائحہ عمل تیار کرنے کی بات کہی اور یہ بھی واضح کیا کہ اردو کسی خاص مذہب کی زبان نہیں، بلکہ ہمارے ملک ہندوستان کی زبان ہے۔ تمام طبقات کو اردو زبان کے احیا اور فروغ کے لیے عملی اقدامات کرنے پڑیں گے۔ پروفیسر اسلم پرویز (وائس چانسلر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد) نے اردو کے فروغ کے نئے امکانات

کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ عصری جامعات میں مدارس کے طلبا کے لیے ایک ایسا عصری نصاب تیار کیا جانا ضروری ہے جس کے ذریعے انھیں اعلیٰ تعلیم کے حصول میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔

تقریب میں پروفیسر صدیق الرحمٰن قدوائی، پروفیسر کیپٹن شرفِ عالم، پروفیسر عتیق اللہ، پروفیسر عبیدالرحمٰن ہاشمی، پروفیسر خالد محمود، جناب سہیل احمد فاروقی، پروفیسر وہاج الدین علوی، پروفیسر شہپر رسول، جناب اسد رضا، جناب فاروق ارگلی، جناب فاروق انجینئر، جناب فیروز بخت احمد، پروفیسر کوثر مظہری، ڈاکٹر مشتاق احمد قادری، ڈاکٹر سید تنویر حسین، ڈاکٹر قمر تبریز کے علاوہ کونسل کے ممبران پروفیسر اقبال، حاجی محمد اقبال خان، محترمہ شمع خان، جناب حسن باقر کاظمی اور پرنسپل پبلی کیشنز آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال بھی موجود تھے۔

(رابطہ عامہ سیل)